RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: May 26, 2025
PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:45:43 am

ایک دلفریب شام سنگر مسکان جاوید کے نام

,Entertainment - نَف ِجہان,Snippets

rki.news

پنجاب میوزک گروپ (پی ایم جی) انٹرنیشنل کے زیر اہتمام گلوکاروں اور فنکاروں کو پروان چڑھانے کا سلسلہ یوں ہی رواں دواں ہے اور اب یہ ادارہ چیف آرگنائزر جناب نزاکت علی خان کی سربراہی میں تناوار درخت کی مانند ہے جو ہر دن کے ساتھ اپنا سایہ بڑھاتا چلا جا رہا ہے۔

اپنی شاندار روایت کے علمبردار پی ایم جی فیملی و دوست احباب کو اعلی معیار انٹرٹینمنٹ اور خصوصاً دو ہمسایہ ممالک یعنی ہندوستان اور پاکستان کی متفقہ جنگ بندی کو خوش آئند قرار دینے کے پیش نظر 23 مئی بروز جمعتہ المبارک کو المدینہ اسپورٹس اکیڈمی عجمان متحدہ عرب امارات میں عظیم الشان محفل موسیقی کی شام کا انعقاد کیا۔ یہ خوبصورت بزم خصوصی میڈم مسکان جاوید کی مدھر آواز کے

1 / 3

ٹائٹل پہ رکھی گئی تھی، جنہوں نے اردو ہندی اور پنجابی زبان کے فلمی و لوک گیتوں سے حاضرین پہ رقت طاری کر دی۔

پاک و ہند کی سیز فائر کو سلیبریٹ کرنے کے لئے پاکستانی و بھارتی دونوں ممالک کی فیملیز اور با اثر دوستوں کو مدعو کیا گیا تھا۔ پی ایم جی انٹرنیشنل ہمیشہ اپنے پلیٹ فارم سے مشترکہ اتحاد اور بھائی چارے کا پیغام دیتا رہا ہے، ہمارے تمام ممبران امن و محبت کے داعی ہیں لہذا ہماری مؤدبانہ گذارش پہ لوگوں نے جوک در جوک شرکت کی اور ہمیں بڑا شرف بخشا۔ المدینہ اسپورٹس اکیڈمی کے مالک چوہدری کاشف ذوالفقار نے متعمد خاص کا کردار بخوبی نبھایا اور حاظرین کو بہترین سہولیات میسر کی۔ طعام خاص کا بندوبست ہمارے وی آئی پی چیف گیسٹ اور شکور ریسٹورنٹ کے مالک محترم عامر اقبال صاحب کی زیر عنایت رہا جنہوں نے تمام مہمانوں کی تواضع خوب خندہ پیشانی سے ادا کی۔

اس پروگرام کی کامیابی کی پشت پہ ہمارے اسپانسرز میں COLOR CP، حسین عندلیب میاں، عادل مظاہرہ میڈم DUA، احمد شیراز ملک SOMEWHERE LLC، اور میاں لیاقت صاحب کی تگ و دو نے سہانی رات کا منظر نامہ انتہائی دلفریب کر دیا۔

اس پلیٹ فارم سے دیگر پرفارمرز اور سنگرز میں محمد جہانزیب اعظم، محمد زبیر بٹ، علی عمران، استاد ندیم ایاز، استاد شوکت جمال اور شفقت علی قادری پیش پیش رہے۔ پروگرام میں ہوسٹنگ کی ڈیوٹی پہ نزاکت صاحب خود معمور رہے کہ اینکر پرسن کا شو کو بر وقت اور ہموار طریقہ سے چلانا خاصا معنی خیز کام ہے۔ محفل شام سے شروع ہو کر رات کے پچھلے پہر تک پھیلتی رہی اور ساتھ ہمارا بوفے ڈنر بھی جو پاکستانی روایتی کھانوں اور مشروبات کے سنگ جاری رہا۔

پروگرام کے اختتام پر پی ایم جی کے پلیٹ فارم سے دونوں ممالک کے شرکاء نے سیز فائر پر اپنی اپنی رائے دہی کا اظہار کیا لیکن امن و محبت کا پیغام مشترک رہا۔ جنگیں ملکوں، معیشتوں اور لوگوں کو پتھر کے دور میں لے جاتی ہیں لہذا پی ایم جی ہمیشہ امن و امان قائم رکھنے کا علمبردار رہا ہے اور پاک و ہند کے فنکاروں کو قریب لانے میں پل کا کردار ادا کرتا رہے گا۔

نمایاں کارکردگی پر تمام پرفارمرز کو شیلڈز، سرٹیفکیٹ اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔ نزاکت علی خان اور چوہدری کاشف ذوالفقار کا خصوصی شکریہ کہ ایسے نازک جنگی دور میں بھی امن و آشا کا دامن تھامے ہوئے ہیں یقننا تاریخ پی ایم جی کی خدمات کو سنہری حروف میں درج کرے گی۔

پاکستان زندہ باد
پی ایم جی پائندہ باد

Post Date: May 26, 2025 PDF Created On: Mon, May 25 2026 12:45:43 am

---

Read This Post On RKI Website